پہلے کام، بعد آرام

کام کے وقت جو آرام کیا کرتے ہیں   آخِرکار وہ ناکام رہا کرتے ہیں
سخت نادان ہیں وہ لوگ بُرا کرتے ہیں   ہم تو داناؤں سے یہ قول سُنا کرتے ہیں

پہلے تم کام کرو بعد میں آرام کرو

لطف آرام میں ملتا ہے بہت کام کے بعد   کام کرنے میں مزہ آتا ہے آرام کے بعد
دن کو جو سویا تو کیا سوئے گا وہ شام کے بعد   دورِ راحت کا مزہ تلخئ ایّام کے بعد

پہلے تم کام کرو بعد میں آرام کرو

© NCERT not to be republished

جس کو آرام سے ہر وقت سروکار رہے　　فکرِ آرام میں جو کام سے بیزار رہے
کیا تعجب ہے کہ وہ مفلس و نادار رہے　　کاہل و خستہ و درماندہ و لاچار رہے

پہلے تم کام کرو بعد میں آرام کرو

چھوڑتے کام ادھورا نہیں ہمّت والے　　کام پورا نہیں کرتے کبھی راحت والے
بازی لے جاتے ہیں جو لوگ ہیں محنت والے　　ہار جاتے ہیں سدا سُستی و غفلت والے

پہلے تم کام کرو بعد میں آرام کرو

تلوک چند محرومؔ

معنی یاد کیجیے

نادان	:	ناسمجھ، کم عقل
دانا	:	سمجھ دار، عقل مند
آخرکار	:	نتیجے کے طور پر، بالآخر
قول	:	بات، بیان
دورِراحت	:	آرام کا دور، آسایش کا زمانہ
لطف	:	مزہ
تلخیٔ ایّام	:	کڑواہٹ کے دن، تکلیف کے دن
سروکار	:	واسطہ، تعلق
فکرِآرام	:	آرام کی فکر
بیزار	:	اکتایا ہوا

© NCERT not to be republished

تعجب	:	حیرت
مفلس	:	غریب، فقیر، نادار
کاہل	:	سست، کام چور
خستہ	:	خراب، بدحال، تنگ دست، تھکا ماندہ
درماندہ	:	ناچار، عاجز
لاچار	:	مجبور، بے بس
ادھورا	:	نامکمل
بازی لے جانا (محاورہ)	:	جیت جانا، فتح پانا
غفلت	:	لاپرواہی، بے خبری

سوچیے اور بتایئے

1. وقت پر کام نہ کرنے کا کیا نتیجہ ہوتا ہے؟
2. کامیابی حاصل کرنے کے لیے کس قول پر عمل کرنا چاہیے؟
3. آرام میں لطف کب حاصل ہوتا ہے؟
4. شاعر نے صرف آرام کرنے والوں کے لیے کون کون سے الفاظ استعمال کیے ہیں؟
5. اس نظم میں محنت سے کام کرنے والوں کی کیا کیا خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟
6. سستی اور غفلت سے کام کرنے والوں کا کیا انجام ہوتا ہے؟
7. 'پہلے کام، بعد آرام' کی تکرار سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟

© NCERT not to be republished

مصرعے مکمل کیجیے

1. ہم تو داناؤں سے یہ ———— سنا کرتے ہیں
2. دن کو جو سویا تو کیا سوئے گا وہ ———— کے بعد
3. کیا ———— ہے کہ وہ مفلس و نادار ہے
4. بازی لے جاتے ہیں جو لوگ ہیں ———— والے

نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے

بیزار ہونا بازی لے جانا ہار جانا نادان غفلت

ان مصرعوں کو صحیح کر کے لکھیے

چھوڑتے کام ادھورا نہیں راحت والے کام پورا نہیں کرتے کبھی ہمّت والے
بازی لے جاتے ہیں جو لوگ ہیں غفلت والے ہار جاتے ہیں سدا سُستی و محنت والے

یاد کیجیے

اپنی پسند کے دو بند یاد کیجیے

غور کرنے کی بات

- دن اور رات کے چوبیس گھنٹوں میں ہر کام کا وقت مقرر ہے۔ سورج، چاند، ستارے مقررہ وقت پر اپنے کام انجام دیتے ہیں۔ اس لیے ساری کائنات کا نظام اچھی طرح چل رہا ہے۔ اسی طرح زندگی میں کامیابی اور کامرانی حاصل کرنے کے لیے وقت کا صحیح استعمال کرنا چاہیے۔ کام کے وقت پوری توجہ سے کام اور آرام کے وقت آرام یہی زندگی کی کامیابیوں اور خوشیوں کا سنہری اصول ہے۔

© NCERT not to be republished